CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | بدھ 28 مئی 2025ء 30 ذیالقعدہ 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 148

ملک بھر میں یوم تکبیر آج بھرپور جوش و خروش سے منایا جائیگا

ملک بھر میں آج یوم تکبیر منایا جا رہا ہے۔ 26 برس قبل 28 مئی کو پاکستان نے بھارتی ایٹمی دھماکوں کے جواب میں اپنی جوہری طاقت کا مظاہرہ کیا تھا

پڑوسی ملک کی دھمکیوں کے بعد پاکستان نے بھی ایٹمی دھماکوں کے تجربات کا فیصلہ کیا اور 28 مئی 1998 کو پاکستان کے سائنسدانوں نے بھارت کے 43 کلوٹن کے مقابلہ میں کلوٹن قوت سے یکے بعد دیگرے 5 دھماکے کیے

مئی 1998 میں جب ہندوستان نے جوہری تجربات کیے تو پاکستان کے لیے کوئی چارہ کار نہیں رہا کہ وہ بھی جوہری تجربات کرے اور یوں پاکستان بھی جوہری طاقتوں کی صف میں شامل ہو گیا

اسلام آباد (آئی پی ایس) ملک بھر میں آج یوم تکبیر منایا جا رہا ہے، 26 برس قبل 28 مئی کو پاکستان نے بھارتی ایٹمی دھماکوں کے جواب میں اپنی جوہری طاقت کا مظاہرہ کیا تھا۔ پڑوسی ملک کی دھمکیوں کے بعد پاکستان نے بھی ایٹمی دھماکوں کے تجربات کا فیصلہ کیا اور 28 مئی 1998 کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مسلسل ویکسی نیشن مہمات سے پولیو کیسز میں 99 کمی آئی، صدر زرداری

جانیں قربان کرنے والے پولیو ورکرز اور سیکیورٹی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ مسلسل ویکسی نیشن مہمات، موثر نگرانی، ہیلتھ ورکرز کی جرات کے نتیجے میں پولیو کیسز میں 99 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن اقتصادی مستقبل کا بنیادی ستون ہے، وزیر خزانہ

ڈیجیٹل ادائیگیوں سے مالی شفافیت، شمولیت اور کارکردگی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن پاکستان کے اقتصادی مستقبل کا بنیادی ستون ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پاک ایران عسکری قیادت کی خطے کی سیکیورٹی صورتحال سرحدی سلامتی دفاعی تعاون اور اقتصادی روابط پر تبادلہ خیال کیا گیا

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایرانی چیف آف جنرل اسٹاف سے ملاقات

پاکستان اور ایران کا دفاعی تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ایرانی افواج کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش، ایرانی جنرل اسٹاف ہیڈ کوارٹر کا دورہ، کہ ایران بارڈر کو معاشی خوشحالی کے زون میں تبدیل کرنے پر بھی گفتگو

عاصم منیر اور شہباز شریف کی ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای، صدر مسعود پزشکیان سے بھی ملاقات، سکیورٹی کے لیے طریقہ کار بہتر بنانے پر بھی غور کیا گیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایران کی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف سے ملاقات کی جس میں دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف فیلڈ مارشل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

بانی کیخلاف تمام مقدمات جھوٹے انصاف کریں جلد فیصلے دیں

تحریک انصاف

انصاف ہوتا ہوا نظر آنا چاہئے، انصاف بغیر کسی فیور کے ملنا چاہئے، نواز شریف کو ایک کیس میں 70، دوسرے میں 91 دن بعد ضمانت ملی

بانی پی ٹی آئی کا کیس کاز لسٹ میں شامل کر لیا گیا ہے، بانی پی ٹی آئی کی سزا معطلی کا کیس 5 جون کو سنا جائے گا

اسلام آباد: (آئی پی ایس) پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت نے کہا ہے کہ بانی کے خلاف تمام مقدمات جھوٹے ہیں، انصاف کریں اور جلد فیصلے دیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر علی نے کہا کہ انصاف ہوتا ہوا نظر آنا چاہئے، انصاف بغیر کسی فیور کے ملنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پی ٹی آئی کی غنڈہ سرکار روک نہیں سکے گی، بلاول

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) بلاول بھٹو زرداری نے پشاور میں احتجاج کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیر اعظم شہباز شریف کی نوشکی میں انسداد پولیو مہم ٹیم پر فائرنگ کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نوشکی میں انسداد پولیو مہم ٹیم پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پولی کلینک میں مریضوں کیساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا، سینیٹر ہدایت اللہ

اسلام آباد میں نئے سرکاری اسپتال زیر تعمیر ہیں، وزیر صحت مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر ہدایت اللہ نے کہا ہے کہ پولی کلینک میں مریضوں کے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے، وہاں ڈاکٹرز مریضوں کو چیک کرنے کو تیار نہیں، ادویات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے آذربائیجان کے صدر علم علیوف ملاقات کر رہے ہیں۔

سی پیک نے پاکستان کے معاشی منظر نامے کو تبدیل کر دیا، چین

سی پیک کے دوسرے مرحلے کا مرکز صنعتی اور مینوفیکچرنگ کی توسیع ہے، خطاب

ہم پاکستانی نوجوانوں کے لیے ہزاروں نئی ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں چینی سفارتخانے کے منسٹر کونسلر یانگ گوانگ یوان نے کہا ہے کہ سی پیک نے پاکستان کے معاشی منظر نامے کو تبدیل کر دیا ہے، سی پیک کے دوسرے مرحلے کا مرکز صنعتی اور مینوفیکچرنگ کی توسیع ہے، ہم پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی کسان اتحاد کے نمائندوں سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی تحفظ خوراک و تحقیق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ٹریفک قوانین کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

یوم تکبیر کا دن پاکستان کی برتری و مضبوطی کی یاد دلاتا ہے، عبدالعلیم خان

وطن عزیز کو ایٹمی قوت بنانے والے ہر فرد پر ناز ہے

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو پہلی اسلامی ایٹمی قوت بنانے والے ہر فرد پر ساری قوم کو ناز ہے، ہم دفاع وطن کو ناقابل تسخیر بنانے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ یوم تکبیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ایٹمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کا یوم تکبیر کے موقع پر پیغام

یوم تکبیر ہمارے سائنسدانوں، افواج کی دانشمندی کا مظہر ہے

اسلام آباد (پارلیمانی رپورٹر) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے قوم کو یوم تکبیر کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی 1998 کو وطن عزیز نے ایٹمی قوت کا مظاہرہ کر کے دنیا کو یہ باور کرا دیا کہ ہم ایک پرامن قوم ضرور ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

جج نے حلف اٹھایا ہوا ہے انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے، بیرسٹر گوہر علی خان

نواز شریف کو پہلے کیس میں 70 دن میں ضمانت ملی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ جج نے حلف اٹھایا ہوا ہے انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ نواز شریف کو پہلے کیس میں 70 دن میں ضمانت ملی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کا پانچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسپورٹس جرنلسٹس کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، شازیہ مری

پیپلز پارٹی ہمیشہ مثبت صحافتی روایات کے ساتھ کھڑی ہے،

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے راولپنڈی اسلام آباد اسپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے تمام نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت اور آزاد صحافت کو فروغ دیا، اسپورٹس جرنلسٹس کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، پیپلز پارٹی ہمیشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

شاہ پور کانجران میں ملک کی سب سے بڑی کیٹل مارکیٹ کا افتتاح عوام کو ہر سہولت دینگے، مریم نواز

ماہرین مارکیٹنگ، اداروں، طلبہ و طالبات اور مارکیٹنگ کے شعبے سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

پنجاب حکومت نوجوانوں کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس اور جدید برانڈنگ کی تربیت دے کر عالمی منڈیوں سے جوڑ رہی ہے

لاہور (آئی پی ایس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مارکیٹنگ جدید معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ ورلڈ مارکیٹنگ ڈے پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ ماہرین مارکیٹنگ، اداروں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

آئی ایم ایف نے صرف خیبر پختونخوا کی کارکردگی کو سراہا ہے، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے صرف خیبر پختونخوا (کے پی) صوبے کی کارکردگی کو سراہا ہے، آئی ایم ایف نے کہا کے پی نے اپنے اہداف حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

بتائیں بانی پی ٹی آئی کیا چیز چھوڑیں تو آپ اسے رہا کریں گے، علیمہ خان

ہم آپ سے نہیں ڈر رہے، آپ بھی نہ ڈریں، آپ ہم سے سامنے آ کر بات کریں

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ بتائیں بانی پی ٹی آئی کیا چیز چھوڑیں تو آپ اسے رہا کریں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران علیمہ خان نے کہا کہ آپ کس قسم کے لوگ ہیں، فرعونیت نہ کہیں تو اور کیا کہیں، آپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، نعیم پنجوتھہ اور علی محمد کو پولیس ناکے پر روک لیا گیا

اڈیالہ جیل تک جانا ہمارا حق ہے، پنجاب پولیس گلو بٹ بنی ہوئی ہے،، علی محمد خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے دن نعیم پنجوتھہ اور علی محمد کو پولیس ناکے پر روک لیا گیا۔ پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اڈیالہ جیل میں ملاقات کروانا نہ کروانا جیل انتظامیہ کا اختیار ہے، پنجاب پولیس کیسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

عالمی برادری مودی کے نفرت انگیز تشدد بیانات کا نوٹس لے پاکستان

عالمی برادری بھارت کی طرف سے اشتعال انگیز بیان بازی میں اضافے، علاقائی استحکام اور دیرپا امن کے امکانات کو نقصان پہنچانے کا سنجیدگی سے نوٹس لے

بھارتی وزیر اعظم کے بیان میں نفرت پر مبنی تشدد کی دعوت انتہائی تشویشناک ہے کیونکہ خطے میں صورتحال پہلے سے ہی خطرناک ہے

اسلام آباد (آئی پی ایس) پاکستان نے بھارتی وزیر اعظم کے گجرات میں دیئے گئے حالیہ بیان کا سخت نوٹس لیا ہے اور کہا ہے کہ ایک ایٹمی ملک کے وزیر اعظم سے اس طرح کے بیان کی توقع نہیں تھی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستان نے وزیر اعظم نریندر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پیپلز پارٹی نے غنڈہ گردی کی، سندھ میں کوئی احتجاج ریکارڈ نہیں کر سکتا، اسد قیصر

قانون کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی ضمانت ممکن ہے،، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے غنڈہ گردی کی، سندھ میں کوئی احتجاج ریکارڈ نہیں کر سکتا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ صوبے میں احتجاج پر کوئی قدغن نہیں، کے پی میں جمہوریت کا حسن یہ ہے کہ یہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

یوم تکبیر: پاکستان کی جانب سے نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) یوم تکبیر جہاں 28 مئی 1998 کو پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے کی خوشی منانے کا دن ہے وہیں یہ قومی ترقی بہبود، توانائی اور زراعت کے شعبے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

قائمہ کمیٹی اجلاس، اراکین اور سی ای او کے الیکٹرک کے درمیان تلخ کلامی

چیئرمین کمیٹی نے سی ای او کے الیکٹرک کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کے اجلاس میں اراکین اور سی ای او کے الیکٹرک مونس علوی کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، ممبران کی رائے پر چیئرمین کمیٹی نے سی ای او کے الیکٹرک کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا فیصلہ کر لیا۔ قومی اسمبلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ سری لنکا سے روٹری انٹرنیشنل کے صدر کی خصوصی مشیر پیوڈ ڈی زوئیسا کی قیادت میں وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ماڈل کیٹل مارکیٹ کا افتتاح کرنے کے بعد دعائے خیر کر رہی ہیں

ڈی ایچ آر کے زیر اہتمام شجرکاری کی تقریب کا انعقاد

تقریب کا مقصد جبری گمشدگی کا شکار افراد کی یاد کو قائم رکھنا اور جدوجہد کو سراہنا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈیفنس آف ہیومن رائٹس (DHR) نے آج نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں "انٹرنیشنل ویک آف دی ڈس اپیئرڈ" کی مناسبت سے ایک شجرکاری کی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب کا مقصد جبری گمشدگی کا شکار افراد کی یاد کو قائم رکھنا اور ان معاشرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

چیئرمین سی ڈی اے سے اے ڈی بی کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات

ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے سی ڈی اے نے مختلف منصوبوں کا آغاز کیا ہے، محمد علی رندھاوا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا سے ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے نمائندوں سے آئے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سی ڈی اے بورڈ ممبران، ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ اسٹارٹ اپس نمائش کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملکی معیشت میں کاروباری برادری کا کلیدی کردار ہے، ہارون اختر خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

علیمہ خان نے میڈیا کے سامنے ہی بیرسٹر گوہر سے جواب مانگ لیا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے میڈیا کے سامنے ہی بیرسٹر گوہر سے جواب مانگ لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: سربراہ سویٹ ہوم زمرد خان کارکن قومی اسمبلی فرح ناز اکبر کو پھول دیتے ہوئے بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

رانا ثناء اللہ کی رسجا کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

حکومت صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ نے رسجا کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے رسجا کے صدر ابوبکر بن طلعت اور جنرل سیکریٹری ارسلان شیرازی سمیت تمام عہدیداران کو مبارکباد دی اور کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

نوشکی انسداد پولیو ٹیم پر حملہ فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید دوسرا زخمی

پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے، اس پر حملہ ناقابل برداشت ہے، یہ حملہ قومی مہم سبوتاژ کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے

تخریب کاروں کے خلاف کارروائی میں مزید تیزی لائی جائے گی، بلوچستان حکومت پولیو ٹیموں اور سکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کو مزید موثر بنائے گی

نوشکی: (آئی پی ایس) بلوچستان کے شہر نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر فائرنگ میں ایک پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق نوشکی کے علاقے کلی محمد حسنی میں نامعلوم افراد نے انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کر دی جس سے وحید شہید ہو گیا، شہید اہلکار کی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی، انسداد پولیو ٹیم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

آئندہ بجٹ میں ریسکیو 1122 کیلئے نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ

ایمبولینس 1122 پر بات ہوتی رہی لیکن چھ ماہ میں مریم نواز نے ریسکیو کو بہترین کیا، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری

ساری گاڑیاں خراب نہیں کچھ گاڑیوں کی مرمت ہو رہی ہے اور کچھ نئی گاڑیاں آئندہ بجٹ میں لائیں گے

لاہور: (آئی پی ایس) پنجاب حکومت نے آئندہ بجٹ میں ریسکیو 1122 کے لئے نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کر لیا۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ آئندہ بجٹ میں نئی گاڑیاں خریدی جائیں گی، اس حوالے سے پارلیمانی سیکرٹری برائے ایمرجنسی سروسز ضیاء اللہ شاہ کا کہنا تھا کہ جتنا فنڈ مانگا گیا ہے اتنا ہی مریم نواز نے ہمیں دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف تھے اور رہیں گے، علی امین گنڈاپور

آپ کو اس منصب پر انصاف پر مبنی فیصلے کرنے کیلئے بٹھایا گیا ہے، وزیر اعلیٰ پختونخوا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ہم 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف تھے اور آئندہ بھی رہیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہم عدلیہ کے ساتھ کھڑے ہیں، آپ کو اس منصب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

PTI انتشار مذاکرات کے مداروں میں چکر کھا رہی، عرفان صدیقی

حکومت تو شاید بانی پی ٹی آئی کو بہت کچھ دینے کی پوزیشن میں ہے، البتہ عمران خان کیا دے سکتے ہیں؟ وہ کچھ دینے کی پوزیشن میں نہیں

پہلے یہ طے کر لیں کہ کیا بات کرنی ہے؟ کس نے کرنی ہے؟ اور کس سے کرنی ہے؟ یہ پہلے بھی مذاکرات سے بھاگ گئے تھے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) مسلم لیگ ن کے سینیٹر عرفان صدیقی کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کی کال پر کوئی باہر نہیں نکلے گا، تحریک انصاف انتشار اور مذاکرات کے مداروں میں چکر کھا رہی ہے۔ اسلام آباد سے جاری بیان میں مسلم لیگ ن کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ حکومت تو شاید بانی پی ٹی آئی کو بہت کچھ دینے کی پوزیشن میں ہے، البتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، ڈاکٹر عشرت العباد

پاکستان کسی بھی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا، سابق گورنر سندھ

اسلام آباد (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پیچان پاکستان پارٹی کے روح رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت پر منہ توڑ جواب دیکر قوم کے سر فخر سے بلند کر دیئے ہیں اور بھارت کے سارے منصوبے کو مٹی میں ملا دیا ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

شمالی غزہ و خان یونس پر اسرائیلی حملوں میں شدید 81 فلسطینی شہید

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور حماس دو ماہ کی جنگ بندی پر رضامند ہو گئے

نہتے فلسطینیوں پر اسرائیل کے وحشیانہ حملے نہ رک سکے، شمالی غزہ اور خان یونس پر حملوں میں شدت آ گئی

غزہ (ویب ڈیسک) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے غزہ میں زمینی آپریشن مزید تیز کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور حماس دو ماہ کی جنگ بندی پر رضامند ہو گئے، جبکہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے مسودہ مسترد کر دیا۔ نہتے فلسطینیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پولی گراف ٹیسٹ کی کوئی ایویڈینشل ویلیو نہیں، بیرسٹر سلمان صفدر

لاہور ہائیکورٹ بانی پی ٹی آئی کے آخری 8 مقدمات سن کر فیصلہ دے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا ہے کہ پولی گراف ٹیسٹ کی کوئی ایویڈینشل ویلیو نہیں، سرکار بدنیتی سے ٹیسٹ لینا چاہتی ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ سرکار ہر بار کوئی نئی تاریخ لینے کا حربہ استعمال کرتی ہے، پولی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

پاکستان کے ایٹمی دھماکوں کے ستائیس برس مکمل

صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم تکبیر پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج ہم ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کا عزم کرتے ہیں۔ یوم تکبیر پر اپنے پیغام میں آصف علی زرداری نے کہا کہ آج کے دن ہم نے اپنی جوہری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، ایٹمی پروگرام سے منسلک سائنسدانوں، انجینئرز، سول اور فوجی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھنے پر شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، شہید بے نظیر بھٹو کی سرپرستی میں ہمارا ایٹمی پروگرام آگے بڑھا اور مضبوط ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان جنگ کا خواہاں نہیں، پاکستان پرامن بقائے باہمی اور عالمی قوانین کے احترام کے اصولوں پر کاربند ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ بلا اشتعال بھارتی جارحیت کے پیش نظر پاکستان نے تزویراتی تحمل اور امن کے عزم کا مظاہرہ کیا۔ صدر آصف زرداری کا کہنا تھا کہ آپریشن بنیان مرصوص کے تحت مؤثر ردعمل نے دشمن کو معاندانہ کارروائیاں بند کرنے پر مجبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی طاقت بننا محض ہماری تکنیکی ترقی کا مظہر نہیں بلکہ ایٹمی طاقت کا حصول قوت کے ذریعے امن قائم رکھنے کا دانشمندانہ فیصلہ تھا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بدلتی علاقائی سلامتی کی صورتحال میں ہماری جوہری طاقت ایک قابل اعتبار کم از کم دفاعی صلاحیت ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت امن کی ضامن ہے، ایٹمی قوت ہماری خودمختاری اور قومی سلامتی کو یقینی بناتی ہے۔

پاکستان کے ایٹمی دھماکوں کے ستائیس برس مکمل ہو گئے، پاکستان نے آج ہی کے دن بھارت کے پانچ ایٹمی دھماکوں کا جواب دیا، خطے میں طاقت کا توازن بحال کیا اور دفاع کا حق منوایا۔ یوم تکبیر پر آج ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی، خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی اور وطن کے رکھوالوں کو سلام پیش کیا جائے گا۔ یوم تکبیر 1998 کے اُس عظیم لمحے کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان جوہری طاقت کے طور پر اُبھرا۔ یوم تکبیر پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بھارت کی مسلط کردہ جنگ میں سرخرو ہو کر نکلے ہیں، فتح مبین سے سرشار قوم کے لیے یوم تکبیر کی مسرتوں میں مزید اضافہ ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ مئی 1998 میں بھارت نے 5 ایٹمی دھماکے کر کے ہماری سلامتی، دفاع اور خودمختاری کو چیلنج کیا تھا، نواز شریف نے 6 دھماکے کر کے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اس وقت نواز شریف نے قوم کی امنگوں، مفادات کی ترجمانی کی، نواز شریف اقتصادی پابندیوں، دباؤ، دھمکیوں اور لالچ کو خاطر میں نہ لائے۔ وزیر اعظم نے ذوالفقار علی بھٹو، ڈاکٹر عبدالقدیر خان، سائنسدانوں اور انجینئرز کو سلام پیش کیا اور جوہری اثاثوں کی بھرپور حفاظت کرنے پر مسلح افواج کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔

یوم تکبیر کے موقع پر مسلح افواج، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور سروسز چیفس نے پاکستانی عوام کو مبارک باد پیش کی ہے۔ پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بتایا ہے کہ مسلح افواج مادر وطن کے دفاع کے لیے مکمل تیار اور پرعزم ہیں، یوم تکبیر 1998ء کے اُس عظیم لمحے کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان جوہری طاقت کے طور پر اُبھرا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستان نے جنوبی ایشیا میں اسٹریٹجک توازن بحال کیا اور اپنے دفاع کے حق کو منوایا، یہ تاریخی کارنامہ قوم کے عزم، باوقار و پرامن وجود کے حصول کی مسلسل جدوجہد کا مظہر ہے۔

پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی اسٹریٹجک صلاحیت ایک قومی امانت ہے جو عوامی امنگوں کی عکاس ہے، دور اندیش قیادت، سائنسدانوں اور انجینئرز نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ یہ دن پاکستان کی اپنی خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت کے تحفظ کے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، یوم تکبیر ہمارے مؤثر اور کم از کم ڈیٹرنس کے نظریے کی توثیق کرتا ہے۔ پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ کے مطابق قابل اعتبار کم از کم ڈیٹرنس کا نظریہ خطے میں امن اور تزویراتی استحکام کے قیام پر مبنی ہے، پاکستان کی جوہری صلاحیت خالصتاً دفاعی نوعیت کی اور امن کی ضامن ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ اس دن ہم سب عہد کریں کہ مادر وطن کی سلامتی، ترقی و خوش حالی کے لیے متحد، چوکس اور پرعزم رہیں گے، مسلح افواج اُن قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہیں جن کی بدولت یہ سنگ میل حاصل ہوا۔ پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان کو استحکام اور خود انحصاری کی طرف لے جانے کے سفر کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

پاکستان اور آذربائیجان کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ ایک بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خوبصورت اور پرامن شہر لاچین میں عزیز بھائی صدر الہام علیوف سے ملاقات ہوئی۔ پاک بھارت حالیہ تنازع میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت پر آذربائیجان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم نے علاقائی امن و خوش حالی کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم نے دونوں ملکوں کے تعلقات کو تمام شعبوں میں مزید وسعت دینے کا اعادہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ آذربائیجان کے ضلع لاچین میں وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر الہام علیوف سے ملاقات کی ہے، اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات کے حوالے سے جاری کیے گئے اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے یوم آزادی پر صدر علیوف اور آذربائیجان کے عوام کو مبارک باد دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت پر آذربائیجان کے صدر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ آذربائیجان کے عوام کا پاکستانی عوام کے ساتھ لازوال رشتہ ہے۔

ڈاکٹر عبدالقدیر خان ایک عظیم محب وطن ایٹمی سائنسدان (یوم تکبیر)

الحاج محمد سعید چشتی نظامی

پاکستان کی تاریخ میں چند ہی ایسے روشن نام ہیں جو تابندہ ستاروں کی مانند چمکتے ہیں، اور ان میں سرفہرست نام ہے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا جنہیں بابائے ایٹمی پاکستان کہا جاتا ہے۔ وہ نہ صرف ایک عظیم سائنسدان تھے بلکہ سچے محب وطن، بلند حوصلہ شخصیت اور قوم کے حقیقی ہیرو بھی تھے۔ ڈاکٹر قدیر نے پاکستان کو مسلم دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنا کر نہ صرف دشمنوں کے عزائم خاک میں ملا دیے بلکہ قوم کو وقار، حوصلہ اور خود اعتمادی کا نیا شعور بخشا۔ بھوپال کی پرسکون گلیوں سے عالمی سطح کے سائنسدان بننے تک کا ان کا سفر علم، قربانی اور خلوص وطن کی بے مثال داستان ہے۔ یہ مضمون اُس عظیم فرزند پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے جس کا نام آج بھی ملت پاکستان کے دل کی دھڑکن ہے۔

ڈاکٹر عبدالقدیر خان جو اے کیو خان کے نام سے بھی پکارے جاتے تھے۔ آپ کی پیدائش پاکستان بننے سے پہلے 1 اپریل 1936 کو بھوپال، ہندوستان میں ہوئی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی عمر تقریباً بارہ سال ہو گی جب پاکستان برطانیہ سے آزاد ہوا۔ اور 1952 میں تقریباً 16 سال کی عمر میں مغربی پاکستان آ گئے۔ آپ نے سینٹ انتھونی ہائی سکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد 1960 میں کراچی کے ڈی جے سائنس کالج میں داخلہ لیا جہاں انھوں نے فزکس اور ریاضی کی تعلیم حاصل کی۔۔ آپ نے کراچی یونیورسٹی سے فزیکل میٹالرجی میں ڈگری حاصل کی آپ نے گریجویشن کے بعد کراچی میں وزن اور پیمائش کے انسپکٹر کی نوکری قبول کی۔ بعد میں استعفیٰ دے دیا اور پھر ہالینڈ چلے گئے۔ انھوں نے مغربی برلن اور پھر ڈیلفٹ نیدرلینڈز گریجویشن اور 1967 میں ماسٹر ڈگری حاصل کی۔ 1972 میں آپ نے بیلجیم کی کیتھولک یونیورسٹی آف لیوین سے میٹالرجیکل انجینئرنگ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے 1964 میں ایک برطانیہ کی شہریت رکھنے والی خاتون ہینڈرینا ریٹنک سے شادی کی جو جنوبی افریقہ میں ڈچ کرکین وطن والدین کے ہاں پیدا ہوئی تھی اور نیدرلینڈز منتقل ہونے سے پہلے اس وقت شمالی روڈیشیا (زیمبیا) میں پرورش پائی۔ ڈاکٹر قدیر خان پاکستان کے مشہور سائنسدان اور میٹالرجیکل انجینئر ڈیٹرنٹ پروگرام کے لئے گیس سینٹری فیوج افزودگی ٹیکنالوجی کے بانی کے طور پر پوری دنیا میں جانا جاتا ہے۔ آپکی محنت سے آج پاکستان ناقابل تسخیر خطہ ہے۔ جو ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ہماری ایٹمی فوج نے دنیا میں اپنی بہادری اور اعلیٰ تربیت یافتہ ہونے کا لوہا منوایا ہے۔

17 ستمبر 1974 کو ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے اس وقت کے پاکستان کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو خط لکھا تھا جس میں انھوں نے پاکستان کو ایٹمی پاور بنانے کے لئے اپنی خدمات کی پیشکش کی۔ بھٹو صاحب مخمصے ہوئے سیاست دان تھے انھوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی اپنے جواب میں بہت حوصلہ افزائی کی۔ انھوں نے آپ کو پاکستان آنے کی دعوت دی۔ دسمبر 1974 میں وہ وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو سے ملے۔ انھوں نے منیر احمد خان سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔ اور واپس ہالینڈ چلے گئے۔ جب وہ دوبارہ 1975 میں پاکستان واپس آئے۔ بھٹو صاحب سے ان کی دوبارہ ملاقات ہوئی۔ اور انھوں نے مجھے متعلقہ جگہوں کا معائنہ بھی کروایا۔ میں نے واپس ہالینڈ جانا تھا مگر بھٹو صاحب بضد تھے کہ آپ واپس نہ جائیں۔ مگر ڈاکٹر قدیر خان صاحب کی بھی جائز مجبوریاں تھی۔ ان کی فیملی ہالینڈ میں تھی۔ انکے بچے وہاں زیر تعلیم تھے۔ ان کی نوکری بھی وہاں تھی۔ اس لئے میں پاکستان میں رکنا میرے لئے مشکل ہے۔ البتہ میں اس مشن کے لئے پاکستان کے سائنسدانوں کو راہنمائی کروں گا۔ 15 دسمبر 1975 کو ڈاکٹر قدیر خان ہالینڈ سے بمع فیملی پاکستان آ گئے۔

1976 میں آپ نے انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹر (ERL) کا قیام عمل میں لایا۔ تا کہ ہو یورینیم کی افزودگی میں پیش رفت کر سکیں۔ لہذا مئی 1981 میں اس تجربہ گاہ کا نام تبدیل کر کے اے کیو خان ریسرچ لیبارٹری" رکھ دیا گیا۔ جس کا سینٹر کہوٹہ میں تھا۔ مئی 1998 میں پاکستان نے بھارتی ایٹم بم کے تجربے کے بعد پہلا کامیاب تجربہ بلوچستان میں چاغی کے مقام پر پہاڑوں میں کیا جو ڈاکٹر قدیر خان کی نگرانی میں ہوا تھا۔ کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کے قیام کے بعد سائنسدانوں نے بھرپور محنت و مشقت کی اور نہ صرف ایٹم بم بنا لیا بلکہ ہزاروں کلومیٹر دور تک مار کرنے والے غوری میزائل کے علاوہ مختلف رینج تک مار کرنے والے متعدد میزائل تیار کرنے کی قوم کو خوشخبری دی۔ اس ادارے نے ملٹی بیرل راکٹ لانچر، لیزر تھرمیٹ سینسر، ڈیٹیکشن گوئیڈ میٹرز، ریموٹ کنٹرول مائن ایکسپلوزر، ٹینک شکن گن کے علاوہ پاک فوج کے لئے اعلیٰ معیار کا جدید دفاعی آلات بنائے۔ اس ادارے نے ٹیکسٹائل انڈسٹری کیلئے کئی آلات بھی بنائے۔ ڈاکٹر قدیر خان نے اپنی ایک تحریر میں خولکھا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کا سنگ بنیاد ذوالفقار علی بھٹو نے رکھا تھا اور بعد میں آنے والے حکمرانوں نے اسے ترقی دے کر منزل حاصل کی۔

ڈاکٹر قدیر خان پر ہالینڈ کی حکومت نے اہم معلومات چرانے کے الزامات کے تحت مقدمہ بھی دائر کیا۔ لیکن ہالینڈ، بیلجیم، برطانیہ اور جرمنی کے پروفیسرز نے جب ان الزامات کا جائزہ لیا تو انھوں نے ڈاکٹر خان کو بے گناہ پایا اور بری کرنے کی سفارش کرتے ہوئے کہا کہ جن معلومات کو چرانے کی بنا پر مقدمہ درج کیا گیا ہے وہ عام کتابوں میں پہلے سے موجود ہیں۔ جس کے بعد ہالینڈ کی عدالت عالیہ نے آپ کو باعزت بری کر دیا تھا۔

ڈاکٹر قدیر خان کو کل تیرہ طلائی تمغے ملے تھے۔ انھوں نے ایک سو پچاس سے زائد سائنسی تحقیقی مقالے بھی لکھ چکے ہیں 1993 میں کراچی یونیورسٹی نے ڈاکٹر اے کیو خان کو ڈاکٹر آف سائنس کی اعزازی سند بھی دی تھی۔ 14 اگست 1996 میں صدر فاروق لغاری نے آپ کو پاکستان کا سب سے بڑا سول اعزاز نشان امتیاز دیا تھا۔ جبکہ 1989 میں ہلال امتیاز کا تمغہ بھی آپ کو عطا کیا گیا۔ انھوں نے پاکستان کے جوہری پروگرام میں اپنے کردار کے بعد قومی خلائی ایجنسی سپارکو کو دوبارہ منظم کیا۔ 1990 کی دھائی میں آپ نے پاکستان کے خلائی پروگرام خاص طور پر پاکستان کے سیٹلائٹ لانچ وہیکل (SLV) میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر قدیر خان نے کہا کہ مجھ پر ایٹمی راز فروخت کرنے کا الزام سراسر جھوٹ ہے۔

آپ نے پاکستان میں کئی انجینئرنگ یونیورسٹیوں کے قیام میں بھی مرکزی کردار ادا کیا۔ انھوں نے غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں میٹلرجی اینڈ میٹریل سائنس انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں لایا۔ آپ نے اداروں کی ترقی اور قیام کے لئے ایگزیکٹو ممبر اور ڈائریکٹر دونوں کے طور پر کام کیا۔ اداروں نے ان شعبوں کا نام ڈاکٹر اے کیو خان ڈیپارٹمنٹ رکھ دیا۔ انھوں نے دیگر یونیورسٹیوں میں میٹالرجیکل انجینئرنگ کورسز کا بھی اہتمام کیا۔ پاکستان میں بہت سارے سکول آپ کے نام سے منسوب ہیں جہاں اعلیٰ تعلیم دی جا رہی ہے۔ آپ کی انتھک محنت اور پاکستان کو جو عزت آپ کے کردار سے ہوئی قوم آپ کو سلام کرتی ہے۔ اور پورے پاکستان میں انھیں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ آپ نہ صرف پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں بہت مقبول تھے۔ محسن پاکستان اور نامور ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے 85 برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ آپ کی نماز جنازہ اسلام آباد میں فیصل مسجد میں تین بجے ادا کی گئی۔ انھیں سرکاری اعزاز کیساتھ سپرد خاک کیا گیا۔ آپ کی خدمات کا اعتراف پورے پاکستان کے عوام نے کیا۔ اور پورے ملک میں ڈاکٹر صاحب کی وصیت کے مطابق غائبانہ نماز جنازہ پڑھی گئی۔ آپ کے انتقال سے پورا پاکستان غم سے نڈھال ہوا۔ آپ عاشق رسول تھے۔ اور درود شریف کا ذکر ہمیشہ ان کی زبان پر رہتا تھا۔ خدا ترس اور انتہائی نرم دل انسان تھے۔ دس اکتوبر 2022 ان کی پہلی برسی ہے۔ پورے پاکستان کے شہری اپنے گھروں مسجدوں اور تعلیمی درسگاہوں میں اور بیرون ملک مقیم شہری ان کے لئے دعا گو ہیں۔

ڈاکٹر دینا خان دختر ڈاکٹر عبدالقدیر خان والد کی وفات کے بعد ان کے سوشل مشن کو آگے بڑھانے میں بہت سرگرم ہیں۔ لیکن ان کی راہ میں جو رکاوٹیں لوگوں نے ڈالیں وہ انھوں نے عدالتی چارہ جوئی سے تین سال کی مدت میں عبور کر لیں۔ ان کی کامیابی کے پیش نظر فی علی الفلاح فاؤنڈیشن بانٹھ شریف نے یوم تشکر کی تقریب کا اہتمام کیا جس میں ڈاکٹر دینا خان کی بے حد حوصلہ افزائی کی گئی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قبر مبارک پر بانٹھ شریف سے ایک بڑا روحانی جلوس جس کی قیادت سائیں نعیم احمد، سجادہ نشین آستانہ عالیہ بانٹھ شریف کر رہے تھے۔ اسلام آباد پہنچا۔ اور وہاں سے ڈاکٹر دینا خان اور انکے رفقائ کی رفاقت میں کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے اسلام آباد ایف-8 قبرستان پہنچے۔ جلوس میں معروف مذہبی شخصیات، نعت خوان معاشرتی و سماجی ادبی، پروفیسرز، طلبہ و طالبات، اساتذہ، گھریلو خواتین نے بھرپور شرکت کی۔ اسلام آباد کے قبرستان میں پہلی مرتبہ ایسی روحانی فضا دیکھی۔ جس میں لا الہ الا اللہ" کی صدائیں، درود و سلام، اور شمعیں جلا کر محسن پاکستان کو خراج عقیدت پیش کر رہے تھے۔

ڈاکٹر دینا خان اس روحانی منظر سے بے حد متاثر ہوئیں۔ اور ان کی آنکھیں نم تھی۔ انہوں نے کہا،" یہ مناظر میرے لیے تسلی کا باعث ہیں کہ میرے والد کا پیغام اور مشن آج بھی زندہ ہے، اور قوم ان سے محبت کرتی ہے۔' اس موقع پر سائیں نعیم احمد، سجادہ نشین آستانہ عالیہ بانٹھ شریف، نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان صرف ایٹمی سائنسدان ہی نہیں بلکہ قوم کے معمار بھی تھے۔ انہوں نے کہا،" ہم ان کی بیٹی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم ان کے فلاحی اداروں کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں، اور ہر ممکن مدد کریں گے۔ دیگر مقررین نے بھی ڈاکٹر اے کیو خان کی خدمات کو سراہا اور ان کی بیٹی کے حوصلے اور عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر دینا خان کو "امین مشن قدیر" کا لقب بھی دیا گیا۔ ڈاکٹر دینا خان نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا،" یہ صرف ایک بیٹی کی کوشش نہیں بلکہ ایک قوم کا قرض ہے جسے ادا کیا جا رہا ہے۔ میں وعدہ کرتی ہوں کہ میرے والد کا ہر خواب، ہر منصوبہ اور ہر ارادہ پورا کیا جائے گا۔ پاکستان ایک عظیم ملک ہے، اور ہمیں مل کر اسے عظیم تر بنانا ہے۔

ڈاکٹر دینا نے اپنے والد کے ایک مضمون سے متعلق بتایا کہ اسلام نے علم و تعلیم پر بہت زور دیا ہے۔ اور ہمارے پیارے رسول ﷺ کا فرمان ہے علم حاصل کرنے کے لئے تمہیں خواہ چین جانا پڑے، جاؤ اور تعلیم حاصل کرو۔ مغربی ممالک نے مسلمانوں سے زیادہ اس کی اہمیت پر توجہ دی اور عمل بھی کیا۔ ہندوستان میں مغل حکمران زیادہ تعمیرات میں دلچسپی لیتے رہے محلات باغات اور مقبرے بناتے رہے اور اپنے زوال تباہی کی بنیاد رکھتے رہے۔ ایک زمانہ میں مسلمان سائنسدانوں کی دھوم مچی تھی اور البیرونی، ابن ہشام، خوارزمی، عمر خیام جیسے جید علم اپنا لوہا منوا چکے تھے۔ اور جونہی مسلمانوں نے تعلیم اور علم کو نظر انداز کیا ہمارے زوال شروع ہو گیا۔ تعلیم و ترقی کے ساتھ مغربی دنیا میں صنعتی ترقی بھی ہوئی اور تھوڑے ہی عرصہ میں ہم ان کی غلامی میں آ گئے۔ ان غلامی کی زنجیروں کو توڑنے کے لئے ڈاکٹر قدیر خان نے پورے ملک میں سکول، کالج اور یونیورسٹیوں کے علاوہ طبی مراکز کے قیام پر زور دیا۔ ڈاکٹر صاحب کی تمنا تھی کہ پاکستان میں سرکاری اسکولوں کی کمی ہے اور اس کمی کو دینی مدرسے پورا تو کر رہے ہیں۔ لیکن ان میں صرف دینی تعلیم دی جا رہی تھی۔ ان مدرسوں میں مفت رہنے اور کھانے کا بندوبست بھی ہوتا ہے۔ صرف ایک بات جو ضروری ہے ان مدرسوں میں سلیبس کو حکومتی سطح پر نہیں بنایا جاتا۔ اگر ایسا ہو جاتا تو یقیناً بہت اچھا ہوتا۔ لیکن اب پچھلی حکومت نے ماشائ اللہ اب کئی دینی مدرسوں میں سرکاری نصاب کو شامل کیا گیا ہے۔ جو بہت اچھی بات ہے۔ اگر ان مدارس کا صحیح استعمال کیا جائے تو یہ نوجوان بچے بڑے ہو کر اچھے مفید شہری بن سکتے ہیں۔ ان مدارس کو سیاست سے الگ رکھ کر بہت اچھا کام لیا جا سکتا ہے۔ مگر یہ حکومتوں پر منحصر ہے۔ ڈاکٹر دینا نے اپنے والد کے الفاظ میں بتاتے ہوئے کہا آپ فرماتے تھے کہ تعلیم کردار بنانے میں رہنمائی کرتی ہے آپ کو اچھا انسان ایک اچھا شہری بناتی ہے۔ اور یہی وہ خصوصیات ہیں جو آپ کو نمایاں حیثیت دیتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا آپ بہترین مہنگی ترین عمارت خرید سکتے ہیں، اچھی گاڑی خرید سکتے ہیں۔ کسی اعلیٰ یونیورسٹی سے ڈگری لے سکتے ہیں۔ مگر آپ اچھے اخلاق اور اطوار جو اسوہ حسنہ کے ذریعے ہی ایک مسلمان کو حاصل ہو سکتے ہیں۔ نہیں خرید سکتے۔ یہ خاندانی ورثہ اور تربیت پر مبنی ہے۔ ہمارے یہاں اخلاقی قدروں کی کمی کی وجہ ہماری ثقافت اور دینی تعلیم سے محرومیت ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا تھا لاتعداد تعلیم یافتہ لوگوں نے اپنا مستقبل اس لئے تباہ کر لیا ہے کہ وہ دینی تعلیم سے بے بہرہ تھے۔ ان کی دنیاوی تعلیم و معلومات ان کے کسی کام نہیں آئیں۔

پاکستان زندہ باد

حضرت علامہ محمد اقبال کا تصورِ تعلیم

سید روح الامین

اقبال کا نظریہ تعلیم قرآن و سنت سے ماخوذ ہے:

گر تو می خواہی مسلمان زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآن زیستن

وہ مسلمان کے لیے قرآن کی تعلیم کو اولیت دیتے ہیں۔ کیونکہ اسلام کا مقصد ایسے انسان کو پروان چڑھانا ہے۔ جو ہادی برحق کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی زندگی کے ہر عمل کو ان کے تابع کر دے۔ اقبال دور جدید کے مسلمان میں حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ اور حضرت امام حسینؓ، محمد بن قاسم، طارق بن زیاد، سلطان محمود غزنوی، صلاح الدین ایوبی، نور الدین زنگی، خالد بن ولید جیسی صفات کا عکس دیکھنا چاہتے ہیں۔

علامہ اقبال مسلمان کی تعلیم کا اولین مقصد خودنگری، اور خودشناسی کو قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک جو شخص تعلیم حاصل کرنے کے باوجود اپنے آپ کو پہچاننے سے قاصر ہے، اپنی ذات کے ادراک سے بے بہرہ ہے، درحقیقت وہ جاہل ہے علامہ اقبال اس بات سے بخوبی آگاہ تھے کہ مسلمان مغربی تعلیم کے زیر اثر اپنے مذہب، اپنی تہذیبی روایات کے ساتھ ساتھ اپنی اقدار کو بھی فراموش کر چکے ہیں۔ اقبال اس دور کے حالات سے خائف تھے کیونکہ مغربی تعلیم مسلمان کو زوال کی جانب دھکیل رہی تھی۔ اور مسلمان بھی بخوشی اس سحر میں گرفتار ہو چکے تھے۔ سید واجد رضوی مغربی تہذیب کے بارے میں علامہ اقبال کے خیالات کی عکاسی کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"تہذیب فرنگ نے انسان کو گمراہ کر دیا ہے، اس کی تمام روحانی اور اخلاقی قدروں کو جلا کر راکھ کر دیا ہے اور ایمان و یقین کو کمزور کر کے نفس اور عقل کے تابع کر دیا ہے۔"(۱)

علامہ اقبال اپنی شاعری کے ذریعہ مسلمانوں کو ایسی تعلیم کی طرف راغب کرتے ہیں جو اسلامی تعلیمات سے منافرت کی بجائے مسلمان کے دل میں عشق حقیقی کے لطیف جذبات پیدا کرے۔ وہ ایسے علم کے علم بردار ہیں جو انسان کا تعلق خدا سے جوڑ دے۔ جب دل کا تعلق براہ راست اللہ سے قائم ہو جاتا ہے تو چشم وجدان عالم شہود کی سرحدوں سے پرے بھی دیکھنے لگتی ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے کہ انسان کی زندگیاں دو ہیں ایک یہ جو محض عارضی اور فانی ہے اور دوسری وہ جو بعد از موت شروع ہوگی اور جس کا کوئی اختتام نہیں۔ صرف عقل کو ہی کل اور قطعی سمجھا جائے تو انسان اگلے جہان کا منکر بن جاتا ہے خود مسلمانوں میں ایسے افراد کی کمی نہیں جو قیامت اور جنت و جہنم کو محض ڈھکوسلا سمجھتے ہیں اور اس جہان فانی کی زندگی کو سب کچھ قرار دیتے ہیں۔ فرنگی تہذیب کے زیر اثر ان کا دل عقل سے مغلوب ہو کر دنیاوی مفادات میں الجھ جاتا ہے جب دل ہی مردہ ہو بدن پژمردہ ہو جاتا ہے ایسے دل اور ایسے جسم والے افراد کے پاس بصارت تو ہوتی ہے مگر بصیرت نہیں۔

دل بینا بھی کر خدا سے طلب
آنکھ کا نور دل کا نور نہیں
(بال جبریل)

اقبال کے نزدیک رومی اور عطار کی عظمت کا راز کیا تھا؟

علم؟..... ہرگز نہیں؟

آج علم کی حدود چاند تک پھیلی ہوئی ہیں۔ آج لوہا ہوا میں اڑ رہا ہے۔ آج انسان نے مہیب سمندروں اور فضاؤں کو روند کر رکھ دیا ہے لیکن ساری کائنات میں کوئی رومی، کوئی جنید اور کوئی عطار نظر نہیں آتا۔

کیا غضب ہے کہ اس زمانے میں
ایک بھی صاحب سرور نہیں
(بال جبریل)

صاحب سرور آئے کہاں سے؟ یہ چیز پیدا ہوتی ہے نالہ نیم شب کے نیاز، خلوت کے گداز دیدۂ تر کی بے خوابیوں اور دل کی پوشیدہ بے تابیوں سے۔ جبکہ آج کے اہل علم اور عاقل ان لذتوں سے ناآشنا ہیں۔ جب انسان اپنے من میں ڈوب کر اللہ کو پالیتا ہے تو اسے محسوس ہوتا ہے کہ قطرہ سمندر میں جذب ہو کر بے کراں بن گیا ہے اور روح حدود زمان و مکاں سے باہر پرواز کر کے کائنات کی وسعتوں میں پھیل چکی ہے۔ انسان گھٹن سے نکل کر سکون اور فراخی قلب و نظر محسوس کرتا ہے۔

علامہ اقبال کے نزدیک تعلیم کا مقصد صرف مادی ضروریات کی فراہمی نہیں بلکہ روحانی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کا نام ہے کیونکہ وہ تعلیم جو روحانیت سے عاری ہے، انسان کو بے دینی کی طرف لے جاتی ہے ایسا فرد شیطان کے مماثل ہے۔ اقبال ایسی تعلیم کا درس دیتے ہیں جو مسلمان نوجوان میں خودی کے جذبے کو پروان چڑھائے اور اس کی عزت نفس کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہو۔ اس کے برعکس وہ علم جو روحانی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کی بجائے صرف جسمانی لذتوں اور آسائشوں کی فراہمی تک محدود ہو مسلمان کے لیے زہر کی حیثیت رکھتا ہے۔

وہ علم نہیں زہر ہے احرار کے حق میں
جس علم کا حاصل ہے، جہاں میں دو کف جو

پروفیسر منور لکھتے ہیں:

"علامہ اقبال یورپ کو شیطان کی کارگاہ اس لیے کہتے ہیں کہ یورپ نے مادہ پرستی کے نظریات کو فروغ دے کر عالم انسانیت کو بنیادی قدروں سے محروم کر دینے میں بڑا پرزور کردار ادا کیا ہے۔"(۲)

یورپ میں بہت روشنی علم و ہنر ہے
حق یہ ہے کہ بے چشمہ حیواں ہے یہ ظلمات
(بال جبریل)

اقبال اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مسلمان کا دل مغربیت زدہ ہونے کے باعث نفسانی خواہشات کا بت کدہ بن کر نہ رہ جائے کیونکہ جسم سے روح نکل جائے تو باقی بے جان مُضغہ لاش رہ جاتی ہے۔ اقبال مادہ پرستی کی بجائے روحانیت کی تلقین کرتے ہیں۔ انھیں ملال ہے تو اس بات کا کہ انسان نے مادیت پرستی کی دوڑ میں ناممکنات کو ممکنات میں بدل دیا ہے۔ وہ مچھلی کی طرح پانی میں تیرنا سیکھ چکا ہے۔ پرندے کی طرح ہوا میں اڑنا سیکھ چکا ہے لیکن اسے زمین پر انسانوں کی طرح چلنا نہیں آیا وہ چاند پر اترا لیکن اپنی روح کی وسعتوں میں سفر نہ کر سکا۔ جس کے باعث اس کا بدن تو بیدار ہے مگر روح خوابیدہ ہو چکی ہے۔

ڈھونڈنے والا ستاروں کی گزرگاہوں کا
اپنے افکار کی دنیا میں سفر نہ کر سکا
اپنی حکمت کے خم و پیچ میں الجھا ایسا
آج تک فیصلہ نفع و ضرر نہ کر سکا!

حیرت کدہ

میاں حبیب

ہمارے وطن عزیز کی نرالی ہی سیاست ہے۔ آج کوئی محب وطن اور سچا کھرا سیاستدان ہے تو کل کو وہ ملک دشمن ٹھہرتا ہے اور کسی دوسرے پر حب الوطنی کا ٹھپہ لگ جاتا ہے۔ اسی طرح وطن عزیز کے بارے میں بھی اندرون اور بیرون ملک معیارات بدلتے رہتے ہیں۔ مجھے تو جو سمجھ آتی ہے اس وطن عزیز کے معاملے میں سب محب وطن ہیں۔ ملک کی آزادی اور خودمختاری پر سب کی سوچ ایک جیسی ہے اور سب نے اپنا اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو نے اگر ایٹم بم کی بنیاد رکھی تھی تو جنرل ضیاالحق بھٹو کے جان

بقیہ 1

سے زائد کی آئی ہے، پولیو فری پاکستان کی کوششوں کو ناکام بنانے کے مقصد سے کئے گئے بزدلانہ حملوں میں جانیں قربان کرنے والے پولیو ورکرز اور سکیورٹی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، ہمیں پولیو ورکرز کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا، اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک پولیو کا مکمل خاتمہ نہ ہوجائے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے پولیو کے خاتمے کیلئے ملک گیر مہم پر اپنے پیغام میں کہا کہ 26 مئی سے کم جون تک پاکستان نے ایک ملک گیر پولیو ویکسی نیشن مہم کا آغاز کیا ہے، پولیو مہم کا ہدف پانچ سال سے کم عمر کے 4 کروڑ 54 لاکھ بچوں کو حفاظتی قطرے پلانا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس مہم میں 4 لاکھ سے زیادہ ورکرز ہمارے شہروں، دیہاتوں اور دور دراز وادیوں میں گھر گھر جا کر زندگی بچانے والے پولیو کے قطرے پلائیں گے، ہماری اس مہم کا مقصد پولیو کا مکمل خاتمہ اور قوم کا صحت مند مستقبل یقینی بنانا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ورکرز کے لئے اپنے دروازے کھولیں اور اپنے بچوں کو یہ زندگی بخش قطرے ضرور پلوائیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں ویکسین سے متعلق غلط فہمیوں کو دور کرنا ہوگا، میں اساتذہ، علمائے کرام اور کمیونٹی سے درخواست کرتا ہوں کہ اس مقصد کی حمایت کریں، غلط فہمیوں کا خاتمہ کریں اور لوگوں میں اعتماد پیدا کریں۔ انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ لوگوں میں آگاہی پیدا کرے کہ پولیو ویکسین تحفظ، موثر اور ہمارا سب سے طاقتور ہتھیار ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ میں اپنی بیٹی اور خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی مکمل حمایت کرتا ہوں جن کی جدوجہد اور موثر مہم نے پولیو کے خلاف جنگ کو تیز کیا، آصفہ بھٹو زرداری کی والدین، ذی اثر سماجی شخصیات اور نوجوانوں سے اپیل ہمیں یاد دلاتی ہے کہ پولیو کا خاتمہ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ 90 کی دہائی سے اب تک پاکستان نے پولیو کے خلاف شاندار پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے نوشکی میں پولیو ٹیم پر ہونے والے حملے کی مذمت کی اور حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکار کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ میں ان بہادر پولیو ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو ہر بچے تک پہنچنے کے لیے اپنی جانوں کا خطرہ مول لیتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ مسلسل ویکسی نیشن مہمات، موثر نگرانی، ہیلتھ ورکرز کی جرات کے نتیجے میں پولیو کیسز میں 99 فیصد سے زائد کمی آئی ہے، پولیو کے خلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، 2024ء میں پولیو کیسز میں اضافہ اس بات کا مظہر ہے کہ ہمیں اپنی کوششیں مزید تیز کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقے اور نقل مکانی کرنے والوں تک رسائی اب بھی ایک چیلنج ہے، ہمیں ویکسی نیشن کی شرح کو بلند سطح پر برقرار رکھنا ہوگا تاکہ وائرس کا مکمل خاتمہ ممکن ہوسکے، ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک پولیو کا مکمل خاتمہ نہ ہوجائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ ہم سب مل کر پاکستان کو پولیو سے پاک بنا سکتے ہیں، آئیں، ہر بچے کو ویکسین دیں اور اپنی قوم کو اس مفلوج کر دینے والے وائرس سے بچائیں۔

بقیہ 2

پاکستان کے سائنسدانوں نے بھارت کے 43 کلوٹن کے مقابلہ میں کلوٹن قوت سے یکے بعد دیگرے 5 دھماکے کیے۔ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بلوچستان کے علاقے چاغی میں دھماکوں کے ذریعے بھارت کے ایٹمی دھماکوں کا جواب دیا تھا۔ ایٹمی دھماکوں کے بعد پاکستان نے مسلم دنیا کی پہلی اور دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بننے کا اعزاز حاصل کیا تھا اور اسی دن کو "یوم تکبیر" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ پاکستان نے ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کے بعد ایسے کئی میزائل بھی بنائے اور کامیاب تجربات کیے جو ایٹمی ہتھیار لے جانے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ پاکستان اور ہندوستان نے پہلی مرتبہ 1998 میں 3، 3 دنوں کے وقفے سے ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کیے تھے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے مطابق پاکستان کے جوہری سائنسدانوں نے 1984 میں جوہری بم تیار کرنے کی صلاحیت حاصل کر لی تھی۔ مئی 1998 میں جب ہندوستان نے جوہری تجربات کیے تو پاکستان کے لیے کوئی چارہ کار نہیں رہا کہ وہ بھی جوہری تجربات کرے اور یوں پاکستان بھی جوہری طاقتوں کی صف میں شامل ہوگیا۔ وزیر اعظم نے آج یوم تکبیر پر عام تعطیل کا اعلان کر دیا، تعطیل کا نوٹیفیکیشن بھی جاری ہوگیا جس کے تحت تمام سرکاری و نجی ادارے بند رہیں گے جبکہ تعلیمی اداروں اور بینکوں میں بھی چھٹی ہوگی، تعلیمی بورڈز میں آج شیڈول پر پرچے ملتوی کر دیئے گئے۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم تکبیر ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کیلئے اتحاد کی یاد دلاتا ہے، آج کے دن پوری قوم نے ملکی سالمیت کیلئے فیصلہ کیا، ملکی دفاع پر کسی قسم کا بیرونی دباؤ قبول کر کے سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، آئیں عہد کریں، 9 مئی جیسے واقعات سے انتشار کے خواہشمند عناصر کی شر پسندی کو ناکام بنائیں گے۔

بقیہ 3

ڈیجیٹل ادائیگیوں سے مالی شفافیت، شمولیت اور کارکردگی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے یہ بات منگل کو یہاں ملک کو ڈیجیٹل اور کم نقدی پر مبنی معیشت کی طرف لے جانے کے لیے مختلف تجاویز کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے اپنے خطاب میں کہی۔ اجلاس میں ملک کے مالیاتی شعبے کے سرکردہ نمائندگان شریک ہوئے، جن میں کمرشل بینکوں، ڈویلپمنٹ فنانس اداروں، ریگولیٹرز اور سرمایہ کاری کے ماہرین شامل تھے۔ یہ ماہرین اس خصوصی کمیٹی کا حصہ ہیں جو وزیر خزانہ کی ہدایت پر تشکیل دی گئی ہے تاکہ ڈیجیٹل معیشت کی راہ ہموار کرنے کے لیے قابل عمل سفارشات تیار کی جاسکیں۔ اجلاس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے لیے کئی اہم تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملک بھر میں ڈیجیٹل مالیاتی خدمات تک آسان رسائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عام شہری اور کاروباری ادارے نقدی کے بجائے ڈیجیٹل لین دین بالخصوص راست جیسے فوری ادائیگی نظام کو مزید فروغ دے اور مختلف ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے درمیان باہمی رابطے کو بہتر بنایا جائے تاکہ صارفین کو زیادہ آسانی اور انتخاب کے مواقع فراہم کئے جاسکیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کو مزید پرکشش بنانے کے لیے موجودہ مراعاتی نظام میں توازن ضروری ہے۔ چھوٹے تاجروں اور پسماندہ طبقات تک رسائی بڑھانے کے لیے مرچنٹ سروسز، ادائیگی کے ڈھانچہ اور دیگر اخراجات میں کمی کو ترجیح دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے کمیٹی کی تجاویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن پاکستان کے اقتصادی مستقبل کا بنیادی ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں سے مالی شفافیت، شمولیت اور کارکردگی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی اور یہ قدم معیشت کی پائیداری، مسابقت اور جامع ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام جدید مالیاتی ڈھانچے کی بنیاد ہے۔ ہمیں فوری اور مربوط انداز میں ایسا ماحول بنانا ہوگا جہاں ہر پاکستانی شہری باآسانی اور محفوظ طریقے سے ڈیجیٹل ادائیگیاں کر سکے۔ وزیر خزانہ نے کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ ان تجاویز پر عملدرآمد کے لیے ایک واضح اور نظام الاوقات پر مبنی لائحہ عمل تیار کرے، جو وزارت خزانہ کو پیش کیا جائے گا تاکہ ان پر پالیسی سطح پر مزید کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ 4

عاصم منیر نے ایران کے دورے پر تہران میں موجود ہیں، انہوں نے ایرانی جنرل اسٹاف ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایران کے مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف میجر جنرل محمد باقری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک ایران عسکری قیادت کی سطح کی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، ملاقات میں سرحدی سلامتی، دفاعی تعاون اور اقتصادی روابط پر بھی بات چیت ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک ایران دفاعی تعلقات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور اس دوران دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا جب کہ پاک ایران بارڈر کو معاشی خوشحالی کے زون میں تبدیل کرنے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ایرانی افواج کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ علاوہ ازیں، آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم اور آرمی چیف کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے بھی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں فوجی سطح پر تعاون بڑھانے، سرحدی علاقوں میں سکیورٹی کے لیے طریقہ کار بہتر بنانے پر بھی غور کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں سرحدی علاقوں کو تجارتی اور معاشی سرگرمیوں کے زونز میں بدلنے پر بھی غور کیا گیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ معاشی زونز بننے سے علاقائی استحکام اور خوشحالی کو تقویت ملے گی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا جنرل سٹاف ہیڈکوارٹرز تہران آمد پر بڑی گرمجوشی سے استقبال کیا گیا، فیلڈ مارشل کو ایرانی مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے وزیر اعظم شہباز شریف کے ساتھ ایران کے سپریم لیڈر سید علی حسینی خامنہ ای سے بھی ملاقات کی، آرمی چیف نے ایرانی صدر پزشکیان سے بھی ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر اعظم شہباز شریف اور وفد کے ہمراہ ترکیہ، ایران اور آذربائیجان کا دورہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

چاہئے، نواز شریف کو ایک کیس میں 70، دوسرے میں 91 دن بعد ضمانت ملی، بانی پی ٹی آئی کو اتنے عرصے بعد بھی ضمانت نہیں ملی، بانی پی ٹی آئی کے خلاف تمام مقدمات بے بنیاد ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کا کیس کازلسٹ میں شامل کر لیا گیا ہے، بانی پی ٹی آئی کی سزا معطلی کا کیس 5 جون کو سنا جائے گا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تمام مقدمات جھوٹے ہیں، قانون کو اپنی لونڈی بنایا ہوا ہے، پاکستان کے آئین و قانون سے کھلواڑ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی قوم اور ہمارے بچوں کی جنگ لڑ رہا ہے، عدلیہ سے درخواست ہے کہ انصاف کریں اور جلد فیصلے کریں، ہماری تحریک جاری ہے۔ علی امین گنڈاپور نے یہ بھی کہا کہ ہم عدلیہ کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف تھے اور رہیں گے۔ پریس کانفرنس میں عمران خان کی بہشیرہ علیمہ خان نے کہا کہ ہم عدالتوں کی مجبوری سمجھتے ہیں، بتایا جائے بانی پی ٹی آئی نے آپ کا کیا بگاڑا ہے، بانی نے کہا ہے جائے ساری زندگی جیل میں رکھیں، لیکن ظلم کے سامنے جھکوں گا نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیچھے بیٹھ کر بجز کو نہ دھمکائیں، ہم کسی سے نہیں ڈرتے سوائے اللہ کے، 2 سال میں یہ نہیں پتہ چلا کہ بانی پی ٹی آئی نے کیا بگاڑا ہے، آپ ہمارے ساتھ بیٹھ کر بات کریں۔ علیمہ خان نے مزید کہا کہ بیرسٹر گوہر سے پوچھیں اگر ان کے پاس کوئی خوشخبری ہے تو ہمیں بھی بتا دیں۔

بقیہ 6

تک موجود نہیں، ہر دوا باہر سے منگوائی جاتی ہے، سینیٹر ہونے کے باوجود مریضوں کی لائن میں کھڑا ہو کر خوار ہوا ہوں۔ منگل کو عامر ولی الدین کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کا اجلاس ہوا ہے جس میں سینیٹر ہدایت اللہ نے پولی کلینک میں بدانتظامی سے متعلق بریفنگ دی۔ سینیٹر ہدایت اللہ نے بتایا کہ پولی کلینک میں مریضوں کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے، وہاں ڈاکٹرز مریضوں کو چیک کرنے کو تیار نہیں، ادویات تک موجود نہیں، ہر دوا باہر سے منگوائی جاتی ہے، میں سینیٹر ہونے کے باوجود مریضوں کی لائن میں کھڑا ہو کر خوار ہوا ہوں۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آپ کی باتوں سے اتفاق کرتا ہوں، یہ ایسا مرض ہے جس کا علاج کرنا ہے، جو ملازمین مسائل کی وجہ ہیں ان سے حل نہیں ملے گا، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی جانب جارہے ہیں، ہم نے غیر سرکاری رفاہی اداروں کو دعوت دی ہے، پورے اسلام آباد کے ہیلتھ سسٹم کو ٹھیک کرنا ہوگا، 20 سے 25 دن میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا پروجیکٹ تیار کرنے جارہے ہیں۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ اسلام آباد میں آبادی بڑھنے کے باوجود نئے اسپتال نہیں بن سکے، اسلام آباد کو ایک بڑے نئے اسپتال کی فوری ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اسلام آباد میں نئے سرکاری اسپتال زیر تعمیر ہیں، وبائی امراض اسپتال، آئی پی ٹی اے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ میں دینے جارہے ہیں، وفاقی اسپتالوں میں قابل، تجربہ کار انتظامیہ لانے کا منصوبہ ہے۔ سینیٹر ہدایت اللہ نے کہا کہ پاکستان نرسنگ کونسل سے متعلق سنگین تحفظات ہیں۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ نرسنگ کونسل پورا مافیا ہے، میڈیا کی موجودگی میں نرسنگ کونسل پر زیادہ بات نہیں کر سکتا، نرسنگ کونسل کا اختیار میرے پاس نہیں ہے، چاہوں تو ہر ماہ 20 نرسنگ کالج رجسٹرڈ کرا سکتا ہوں، پاکستان نرسنگ کونسل میں غدر مچا ہوا ہے، سیکریٹری پاکستان نرسنگ کونسل عدالت سے اسٹے آرڈر لے کر بیٹھے ہیں، پارلیمنٹیرینز نے سیکریٹری پی این سی کی کرپشن پر ایف آئی اے کو مراسلہ لکھا ہے، سیکریٹری نرسنگ کونسل کی تعیناتی کے لیے صرف ڈونلڈ ٹرمپ کی کال نہیں آئی۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ نرسنگ کونسل کے آئین میں ترمیم لائیں ہم ساتھ ہیں۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزارت صحت نرسنگ کونسل کے آئین پر کام کر رہی ہے، وزارت صحت کا سسٹم ٹھیک کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 7

جیالوں پر تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اب صوبہ بچاؤ تحریک کا دائرہ کار خیبر پختونخوا کی گلی گلی اور کوچے کوچے تک پھیلے گا اور پی ٹی آئی کی غنڈہ سرکار اسے روک نہیں سکے گی۔ بلاول بھٹو نے پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر محمد علی شاہ باچا سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، اور پیپلز پارٹی کی ریلی میں شریک کارکنان پر تشدد سے متعلق دریافت کیا اور ریلی کے انعقاد پر شاباش دی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے پرامن احتجاج سے گھبرا کر خیبر پختونخوا حکومت نے آنسو گیس کی شیلنگ کی، خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کو عوام سے براہ راست ٹکراؤ کی حکمت عملی مہنگی پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے کرپشن، لاقانونیت اور بے روزگاری سے تنگ آئے عوام پر تشدد قابل مذمت ہے، اب صوبہ بچاؤ تحریک کا دائرہ کار خیبر پختونخوا کے گلی گلی اور کوچے کوچے تک پھیلایا جائے گا۔

بقیہ 8

فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکار عبدالوحید کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا ہے۔ منگل کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے شہید پولیس اہلکار کے اہل خانہ سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے اور ان کے لئے صبر و استقامت کی دعا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے کے لئے اپنے فرائض سرانجام دینے والی پولیو ٹیم پر حملہ قابل برداشت نہیں، انسداد پولیو مہم کے مخالف شر پسند عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 9

نوجوانوں کے لیے ہزاروں نئی ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں، پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اس کے نوجوان ہیں۔ گوادر پروجیکٹ پہلا پاک چائنہ جاب فیئر 2025 منگل کو اسلام آباد کے پاک چائنہ فرینڈشپ سینٹر میں منعقد ہوا۔ گوادر پروجیکٹ کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے اپنے کلیدی خطاب میں کہا یہ ایک جاب فیئر سے بڑھ کر ہے!

بقیہ 10

رانا تنویر حسین نے کسان اتحاد کے نمائندوں سے ملاقات کی جس میں زرعی شعبے کو درپیش چیلنجز اور مواقع سمیت مکئی کی برآمدات اور گندم کے ذخائر کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو ہونے والی ملاقات میں وفاقی وزیر نے وفد کو یقین دلایا کہ حکومت پاکستان متعدد ممالک کے ساتھ مکئی کی برآمدات بڑھانے کے لئے فعال رابطوں میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تجارتی اور سفارتی سطح پر نمایاں اقدامات کر رہے ہیں تاکہ نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کی جا سکے اور موجودہ تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کیا جا سکے، ان کوششوں سے نہ صرف زرعی برادری کو فائدہ پہنچے گا بلکہ ملکی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مکئی کی برآمدات میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستانی مکئی بین الاقوامی منڈیوں میں اپنی اعلیٰ معیار اور مسابقتی قیمت کی وجہ سے بڑی مانگ رکھتی ہے، حکومت ذخیرہ کاری، نقل و حمل اور ویلیو چین نظام کو بہتر بنانے پر بھی کام کر رہی ہے تاکہ برآمدی عمل کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ گندم کے ذخائر کے حوالے سے رانا تنویر حسین نے دوٹوک انداز میں کہا کہ پاسکو کے سٹریٹجک گندم کے ذخائر عام مارکیٹ میں جاری نہیں کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ذخائر صرف ہنگامی حالات اور قومی خوراک کی تحفظ کے لئے مخصوص ہیں، ہماری اولین ترجیح عوام کے لئے خوراک کی تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کسانوں کو اس بات سے بھی آگاہ کیا کہ حکومت معیاری بیج، جدید مشینری اور سستی کھاد کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کسانوں کے مسائل کے حل اور زرعی پیداوار میں اضافہ کے لئے پالیسی اصلاحات اور عوام دوستی شراکت داری کے ذریعے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے اختتام پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ وزارت اور کسان تنظیموں کے درمیان باقاعدہ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ زرعی شعبے میں شفاف اور جامع فیصلہ سازی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 11

سائنسدان، دفاعی ماہرین، انجینئرز، ٹیکنیشنز اور سیاسی قیادت یکساں طور پر مبارکباد کی مستحق ہے جنہوں نے یوم تکبیر "معرکہ حق" کے تناظر میں دو بیری خوشیاں لایا ہے جس پر ہماری ایٹمی صلاحیت ہونے کے عملی نتائج بھی سامنے آگئے ہیں۔ 28 مئی کے دن کو یادگار قرار دیتے ہوئے عبدالعلیم خان نے کہا کہ یوم تکبیر پر بارگاہ خداوندی میں شکرانہ نعوت ادا کرتے ہیں اور اس امر کا اعادہ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنے والے کبھی اس کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ مضبوط دفاعی حصار رکھنے کے باوجود پاکستان نے خطے میں ہمیشہ امن کو ترجیح دی، طاقت کے توازن کو ملحوظ خاطر رکھا اور بلا شبہ اپنی قوت کے حامل پاکستان کا ذمہ دارانہ کردار لائق ستائش ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ دفاع وطن کے حوالے سے پاک فوج کی گراں قدر خدمات باعث اعزاز ہیں جنہوں نے 10 مئی کو دشمن کو ایک مرتبہ پھر شکست فاش سے دوچار کیا۔ استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے بھی یوم تکبیر پر ساری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ آئی پی پی کے جنرل سیکرٹری میاں خالد محمود، صوبائی صدر رانا نذیر احمد خان، جنرل سیکرٹری وایم پی اے شعیب صدیقی، صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب، صدر شعبہ خواتین ڈاکٹر جویریہ سہروردی، نائب صدور پنجاب میاں جنید ذوالفقار اور یاسر عرفات چوہدری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ زندہ قومیں اپنے اسلاف اور ان کے کارہائے نمایاں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں، طاقت کا اظہار نہیں، دشمن کی پیش قدمی روکنا مقصد ہوتا ہے اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت نے دشمن کے جارحانہ عزائم کو ٹھکیل ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ربع صدی بیت گئی، دشمن کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں ہوئی اور پاکستان کے ایٹمی قوت ہونے کے باعث خطے میں طاقت کا توازن برقرار رہا۔

بقیہ 12

کیلئے اپنی آزادی، خودمختاری اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، یکجہتی اور قربانی کے جذبے کی یاد دلاتا ہے۔ یہ دن ہمارے سائنسدانوں، افواج پاکستان اور قیادت کی دانشمندی کا مظہر ہے، جنہوں نے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران افواج پاکستان کے بہادر جوانوں کے ساتھ ساتھ معصوم شہری بھی دشمن کی بزدلانہ کارروائیوں کا نشانہ بنے۔ ان کی قربانیوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان دشمن کے ہر جارحانہ اقدام کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، اور حالیہ واقعات اس کا ثبوت ہیں۔ پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور دشمن کے مذموم عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ یوم تکبیر کے موقع پر اس عہد کو دہراتے ہیں کہ ملک کی سالمیت، خودمختاری اور امن و ترقی کے لیے ہمیشہ متحد رہیں گے اور وطن عزیز کی سلامتی کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی دینے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ 13

جون کو کیس سماعت کے لیے مقرر ہوگیا ہے، ہمیں توقع ہے کہ ہمارا کیس سنا جائے گا اور اس کا بہتر جواب آئے گا۔

بقیہ 14

ثبت صحافتی روایات کے ساتھ کھڑی ہے۔ شازیہ مری نے اپنے بیان میں کہا کہ ابوبکر بن طلحہ کی بطور صدر کامیابی خوش آئند ہے۔ انہوں نے ارسلان شیرازی، ناصر نقوی اور ذوالفقار بیگ کو نئی ذمہ داریوں پر مبارکباد دی اور کہا کہ اسپورٹس جرنلسٹس کے انتخابات میں شفافیت جمہوری اقدار کی جیت ہے، پیپلز پارٹی صحافت کی آزادی کی علمبردار ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ عقیل انجم، اصغر مبارک، عبیدالرحمن اور عاصم، ریاض کو کامیابی پر نیک تمنائیں، اسپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن کا انتخاب جمہوری عمل کی کامیاب مثال ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ گورنگ باڈی کی کرن خان، نعیم انور، افضل جاوید ارفا فیروز اویس عباسی سمیت تمام منتخب اراکین کو نیا عزم اور حوصلہ مبارک ہو۔ انہوں نے کہا کہ صحافی برادری کا جمہوری عمل قابل تحسین ہے۔

بقیہ 15

کو بات کرتی ہیں تو ہم عورتیں بیٹھ جاتی ہیں آپ کے ساتھ، لیکن سامنے آکر بات کریں، آپ ایم این ایز اور پارلیمنٹیرینز کو نہ دھمکائیں، یہ چیزیں نہ کریں۔ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ہم آپ سے نہیں ڈر رہے، آپ بھی نہ ڈریں، آپ ہم سے آکر بات کریں، ہمیں دھمکیاں آتی ہیں کہ آپ کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دوسال سے ہمیں یہ نہیں پتہ چل رہا کہ آپ مانگ کیا رہے ہیں، آپ بتائیں بانی پی ٹی آئی کیا چیز چھوڑیں تو آپ اسے رہا کریں گے؟۔ انہوں نے کہا کہ آپ پیچھے سے نہیں، سامنے آکر بات کریں، ہم بیٹھیں گے، ہم تیار ہیں، آپ بتائیں، کچھ وہ کچھ تو کرنا چاہتے ہیں تو بتا دیں، آپ بتائیں، بانی پی ٹی آئی کیا دیں اور آپ کو کیا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے ساری زندگی جیل میں رکھ لیں جھکوں گا نہیں، بتایا جائے بانی پی ٹی آئی نے آپ کا کیا بگاڑا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ چیف جسٹس نے کہا تھا غلطی سے عملے نے کیس لسٹ میں نہیں ڈالا، چیف جسٹس نے کیس مقرر کرنے کا خود وعدہ کیا، بیرسٹر گوہر لاہور سے آئے، وہ وعدہ کر رہے ہیں، آپ یہاں سے چلے جائیں، کیس وقت پر سنا جائے گا۔ علیمہ خان نے کہا کہ کیا یہ سارا کچھ بانی پی ٹی آئی کے لیے ہو رہا ہے، شکر ہے کیس لگ گیا ہے، پارلیمنٹیرینز نے ساتھ دیا ہے۔

بقیہ 16

سی کو روڈ پر روک سکتی ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ ہمارے 6 وکلا کے نام دیے گئے ہیں، میرا نام بھی شامل ہے، اڈیالہ جیل تک جانا ہمارا حق ہے، پنجاب پولیس روک رہی ہے، پنجاب پولیس گلوبٹ بنی ہوئی ہے، پارلیمنٹیرینز کو کیسے روک سکتی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وکیل نعیم پنجوتھہ نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات کے مطابق ہم نے فہرست دی ہے، عدالتی احکامات کے باوجود ہر بار روکا جارہا ہے۔

بقیہ 17

طلبہ و طالبات اور مارکیٹنگ کے شعبے سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹنگ محض مصنوعات کے فروغ کا عمل نہیں بلکہ ایک مکمل سائنس ہے جو کاروبار کو وسعت اور معیشت کو مستحکم کرتی ہے، جدید دور میں ڈیجیٹل مارکیٹنگ، برانڈ نہ صرف کاروباری ترقی کا ذریعہ ہے بلکہ قومی ترقی کا ستون بھی ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت نوجوانوں کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس اور جدید برانڈنگ کی تربیت دے کر عالمی منڈیوں سے جوڑ رہی ہے، علم، اخلاق اور جدت کے ساتھ مارکیٹنگ کو پاکستان کی ترقی کا ذریعہ بنائیں گے۔

بقیہ 18

کیے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ وفاق اور باقی صوبوں نے آئی ایم ایف سے متعلق اپنا کام کیوں نہیں کیا؟ ہمارا 200 ارب سے زائد کا سرپلس ہے، سندھ، پنجاب نے سرپلس کیوں نہیں دیا؟، وفاق کیوں قرضے لے رہا ہے؟ وزیر اعلیٰ کے پی نے کہا کہ ہم نے صوبے میں کسی کو چلنے نہیں دیا، پیپلز پارٹی کے کارکن ریڈ زون میں داخل ہوگئے تھے، ریڈ زون کے قواعد و ضوابط (ایس او پیز) توڑنے پر شیلنگ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر شیلنگ کے آرڈر میں نے نہیں دیے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان پر کوئی کیس نہیں، وہ بیگناہ جیل میں قید بھگت رہے ہیں۔

بقیہ 19

مودی کے حالیہ بیان کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ جوہری اسلحہ رکھنے والی ریاست کے رہنما کی حیثیت سے بھارتی وزیر اعظم سے سنجیدگی کی توقع کی جانی چاہیے۔ بیان میں کہا گیا کہ لیکن انہوں نے اس کی بجائے گجرات میں ریلی سے اپنے خطاب میں پھر ڈرامہ بازی کی، بھارتی وزیر اعظم کی طرف سے اس موقع پر تشدد پر ابھارنے کا نفرت انگیز بیان نہ صرف اپنے مواد بلکہ اس وجہ سے بھی تشویشناک ہے کہ یہ خطے میں پہلے سے موجود عدم استحکام کی صورت حال میں ایک اور خطرناک مثال ہے۔ بھارتی قیادت کی طرف سے سنجیدگی اور معقولیت سے تسلسل کے ساتھ گریز افسوسناک ہے۔ عالمی برادری بھارت کی طرف سے اشتعال انگیز بیان بازی میں اضافے، علاقائی استحکام اور دیرپا امن کے امکانات کو نقصان

City News

سٹی نیوز

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اعلیٰ سطح اجلاس۔ سی سی ڈی ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور ریجن کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں اہم اجلاس

سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 کے تحت جاری اسکیموں کا تفصیلی جائزہ

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو سہیل اشرف، ایڈیشنل سیکرٹریز، چیف انجینئرز اور ایکسینز نے شرکت کی۔ اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 کے تحت جاری اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور جاری منصوبہ جات کی رفتار بارے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں صوبائی وزیر کو شاہراہوں پر جاری کاموں کی رفتار اور معیار کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے اس موقع پر ہدایت دی کہ تمام چیف انجینئرز روزانہ کی بنیاد پر کام کی پیش رفت سے متعلق رپورٹ جمع کرائیں۔ جبکہ تینوں چیف انجینئرز کو روزانہ سوسٹرکوں کی پروگریس رپورٹ فراہم کرنے کا ٹاسک سونپا گیا ہے۔ تمام چیف انجینئرز اور ایکسینز کی چھٹیاں منسوخ کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے ہدایت دی کہ منصوبہ جات کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ اعلیٰ معیار کا میٹریل استعمال کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور اس پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگلا ماہ ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کے لحاظ سے نہایت اہم ہے۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی صدر زون اور رورل زون کے ایس ایز کے ساتھ کرائم میٹنگ

عزت افزائی کیلئے شجرکاری کی تقریب کا انعقاد

جبری طور پر گمشدہ ہیں اور ان کے لیے جو انصاف کی تلاش میں استقامت سے کھڑے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈیفنس آف ہیومن رائٹس (ڈی ایچ آر) نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں "انٹرنیشنل ویک آف ڈی ڈس اپیئرڈ" کی مناسبت سے ایک شجرکاری کی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب کا مقصد جبری گمشدگی کا شکار افراد کی یاد کو قائم رکھنا اور ان معاشرے کے ان افراد کی جدوجہد کو سراہنا تھا جنہوں نے سچ، انصاف اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کے لیے انتھک محنت کی، ہر سال مئی کے آخری ہفتے کو عالمی سطح پر "انٹرنیشنل ویک آف ڈی ڈس اپیئرڈ" منایا جاتا ہے تاکہ ان ہزاروں افراد کی حالت زار کو اجاگر کیا جا سکے۔ ڈی ایچ آر نے اب تک جبری گمشدگی کے 122,3 کیس درج کیے ہیں۔ جن میں سے 377,1 کیسز ابھی تک حل طلب ہیں۔ یہ غیر انسانی عمل کھلم کھلا جاری ہے اور متاثرہ خاندانوں کو نہ بحالی کی کوئی سہولت دی گئی ہے اور نہ ہی معاوضہ فراہم کیا گیا ہے، جس کے باعث وہ خاموشی سے اذیت سہہ رہے ہیں۔ دوسری طرف حکومتی کمیشن آف انکوائری آن انفورسڈ ڈس اپیئرنس نے گیارہ ہزار سے زائد جبری طور پر گمشدہ افراد کے کیسز کو درج کیا ہے۔ اس موقع پر ڈی ایچ آر کی چیئرپرسن آمنہ مسعود جنجوعہ نے کہا کہ انکار اور خاموشی کے اس ماحول میں، ہم یہ درخت ان افراد کی یاد میں لگا رہے ہیں جو جبری طور پر گمشدہ ہیں اور ان کے لیے جو انصاف کی تلاش میں استقامت سے کھڑے ہیں۔ ہر درخت یاد اور مزاحمت کی علامت ہے۔ تقریب کے دوران ممتاز انسانی حقوق کے علمبرداروں، سیاسی رہنماں، صحافیوں، اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے درخت لگائے۔

فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صادق آباد پولیس نے سابقہ رنجش پر فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، واقعہ کا مقدمہ 3 یوم قبل درج کیا گیا تھا، زیر حراست کو صادق آباد پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، زیر حراست ملزم کے ساتھی کو بھی جلد گرفتار کیا جائے گا۔ ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے کہا کہ زیر حراست ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

5 کو گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس 5 کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئی 5 ملزمان کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ گوجر خان، صدر بیرونی، گنجمنڈی اور نصیر آباد کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ہمارے طلبہ دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی ثقافت و ورثہ حفیظہ رحمان نے کہا ہے کہ تعلیم کامیابی کی کنجی ہے، اساتذہ کسی بھی قوم کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ہمارے طلبہ با صلاحیت ہیں جو دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں، پاکستان میں ذہانت اور وسائل کا استعمال کر کے شعبہ آئی ٹی میں ایکسپورٹ 30 بلین ڈالر تک پہنچائی جا سکتی ہے، حکومت قومی ورثے اور ثقافتی اقدار کے تحفظ و فروغ کیلئے پر عزم ہے۔

ذوالحج 1446 ہجری کا چاند نظر نہیں آیا، یکم ذوالحج 29 مئی جمعرات کو ہوگی

پہلگام واقعہ کی آڑ میں پاکستان پر مودی نے بے بنیاد الزامات لگائے جنہیں وہ ثابت نہ کر سکا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ذوالحج 1446 ہجری کا چاند نظر نہیں آیا، یکم ذوالحج 29 مئی جمعرات کو ہوگی جبکہ عید الاضحیٰ 7 جون کو منائی جائے گی۔ منگل کو مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں کمیٹی کے چیئرمین مولانا محمد عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان سمیت متعلقہ سرکاری اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ ملک بھر میں زونل اور ضلعی رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس اپنے اپنے متعلقہ مقامات پر ہوئے۔ چاند کی رویت کے حوالے سے ملک بھر سے موصول ہونے والی اطلاعات کو مدنظر رکھتے ہوئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین نے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ملک بھر میں کہیں سے بھی ذوالحج 1446 ہجری کا چاند نظر آنے کی شہادت نہیں ملی، اس لیے یکم ذوالحج 29 مئی جمعرات کو ہوگی اور عید الاضحیٰ 7 جون کو منائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں یہ عید الاضحیٰ معرکہ حق میں پاکستان کو فتح یاب ہونے کی عید دکھائی ہے، پہلگام واقعہ کی آڑ میں پاکستان پر مودی نے بے بنیاد الزامات لگائے جنہیں وہ ثابت نہ کر سکا، بھارت نے حملہ کیا جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا اور اگر بھارت نے پھر کوئی حماقت کی تو پہلے سے بھی سخت جواب دیا جائے گا، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو قوم کی امنگوں پر پورا اترنے کی مبارکباد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت و وحشت کا تصور اسلام میں نہیں ہے، دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جاری آپریشنز کی مکمل حمایت کرتے ہیں، خضدار میں چھوٹے چھوٹے بچوں کو نشانہ بنایا گیا، یہ حملہ بھارت نے کرایا ہے، دنیا میں جہاں بھی دہشت گردی ہوگی اس کے پیچھے بھارت ہوگا۔ انہوں نے دعا کی کہ اہل فلسطین اور غزہ کے مسلمان آج مدد کے طلب گار ہیں، اللہ ان کی مدد فرمائے، اللہ تعالیٰ مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی حفاظت فرمائے۔

1600 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے

کہ پولیو مہم کے لئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی میں 7 روزہ پولیو مہم، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے 1600 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، پولیس افسران و اہلکار پولیو مہم کے سلسلہ میں 218 ٹیموں کے ساتھ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں 7 روزہ پولیو مہم کا آغاز، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے 1600 سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، پولیس افسران و اہلکار پولیو مہم کے سلسلہ میں 218 ٹیموں کے ساتھ فرائض سرانجام دے رہے ہیں، تھانوں کی موبائلز بھی گشت کے دوران سیکورٹی کو یقینی بنا رہی ہیں، سینئر افسران وقتاً فوقتاً ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کا کہنا تھا کہ پولیو مہم کے لئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

اداروں سے کروڑوں روپے مالیت کا اسلحہ اور بارود غائب

4 کروڑ 55 لاکھ سے زائد مالیت کا سامان غائب ہوا، تاحال وصولی نہ ہو سکی

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب کی زیر نگرانی اداروں سے کروڑوں روپے مالیت کا اسلحہ اور بارود غائب ہوگیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پنجاب اسمبلی میں محکمہ داخلہ پنجاب کی آڈٹ رپورٹ میں حیران کن انکشافات سامنے آئے ہیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب کی زیر نگرانی اداروں سے کروڑوں روپے مالیت کا اسلحہ اور بارود غائب ہوگیا، محکمہ داخلہ پنجاب کے 12 ڈسٹرکٹ سے اسلحہ و بارود کی چوری، غائب ہونا اور عدم ریکوری سے متعلق رپورٹ جاری کردی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی آڈٹ رپورٹ کے مطابق 24 کروڑ 55 لاکھ سے زائد مالیت کا سامان غائب ہوا جس کی تاحال وصولی نہ ہوسکی، 2021-23 کے دوران ڈی پی او مظفر گڑھ کے دفتر سے 8 کروڑ 34 لاکھ سے زائد اسلحہ و بارود غائب ہوا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کے دفتر سے 4 کروڑ 71 لاکھ سے زائد مالیت کا اسلحہ اور گولیاں غائب ہوئیں، پولیس آفس لاہور سے 4 کروڑ 68 لاکھ سے زائد مالیت کے غائب اسلحہ کی ریکوری ابھی تک نہیں ہوسکی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سی پی او ملتان کے دفتر سے 74 لاکھ سے زائد مالیت کی رائفلیں اور گولہ بارود غائب ہوا، 2009 کے دوران سنٹرل جیل لاہور کے مختلف افسروں کو دی گئی رائفلوں کا ریکارڈ بھی موجود نہیں۔

ایس پی راول محمد حسیب راجہ کی انجمن تاجران کے عہدیداروں سے میٹنگ،

اسلام آباد: کنوینر ورلڈ میناریٹی الائنس، نوبل پیس پرائز کے لئے نامزد امیدوار اور سابق وفاقی وزیر جے سالک میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا دورہ

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب میڈیکل فیکلٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری ڈاکٹر شعیب اسلم و دیگر موجود تھے۔ خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب میڈیکل فیکلٹی کے ایگزامینیشن سمیت دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ وزیر صحت نے سیکرٹری ڈاکٹر شعیب اسلم کو امور میں بہتری لانے کی ہدایت کی اور پنجاب میڈیکل فیکلٹی کو آئندہ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے امتحانات کو مربوط نظام کے تحت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

عمر ایوب خان کی نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان نے نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں شہید ہونے والے پولیس اہلکار عبدالوحید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ منگل کو اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ شہید عبدالوحید کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ قائد حزب اختلاف نے شہید کے اہلخانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ شہید پولیس اہلکار کے اہلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے کام کرنے والوں پر حملہ انتہائی شرمناک فعل ہے، ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ عمر ایوب خان نے شہید کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

صفائی پلان اور کیٹل پوائنٹس کے انتظامات کی منظوری

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی بذریعہ ویڈیو لنک صدارت میں سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کے دوران عید الاضحیٰ کیلئے صفائی پلان اور کیٹل پوائنٹس کے انتظامات کی منظوری دے دی گئی ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، ایڈیشنل سیکرٹری اختر کیفی بھی موجود تھے جبکہ دیگر اضلاع سے ڈپٹی کمشنرز، ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز اور میونسپل چیف آفیسرز نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عید الاضحیٰ کی چھٹیوں کے دوران ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور میونسپل اداروں کا متعلقہ سٹاف ڈیوٹی پر حاضر رہے گا۔

جے سالک کا گرمیوں کے تین ماہ میں سینٹری ورکرز کی تنخواہیں ڈبل کرنے کا مطالبہ

پیسوں کی نہیں، انسانیت اور انصاف کا معاملہ ہے، وزیر اعظم کے نام خط میں موقف

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) کنوینر ورلڈ میناریٹی الائنس، نوبل پیس پرائز کے لئے نامزد امیدوار اور سابق وفاقی وزیر جے سالک نے شدید گرمی میں سینٹری ورکرز کے لئے تین ماہ تک ڈبل تنخواہ کی تجویز پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم کو خط لکھ دیا ہے، وزارت داخلہ اور سی ڈی اے کو خط کی کاپیاں ارسال، صرف پیسوں کی بات نہیں ہے بلکہ انسانیت اور انصاف کا معاملہ ہے جے سالک کا خط میں موقف، تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر جے سالک نے وزیر اعظم شہباز شریف کو ایک جذباتی خط لکھ کر شدید گرمی میں کام کرنے والے سینٹری ورکرز کے لئے فوری امداد کا مطالبہ کیا ہے، جے سالک نے خط میں لکھا ہے کہ جون جولائی اور اگست شدید گرمی کے مہینے ہیں لہٰذا ان تین ماہ کے دوران تمام سینٹری ورکرز کو دوہری تنخواہ دی جائے تاکہ انکی محنت اور قربانی کا اعتراف کیا جا سکے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اساتذہ، عدلیہ اور دفاتر کو گرمیوں کی چھٹیاں اور سہولیات دی جاتی ہیں، لیکن سینٹری ورکرز بغیر کسی سائے، پانی یا طبی سہولت کے مسلسل خدمات انجام دے رہے ہیں، جے سالک نے لکھا کہ یہ صرف پیسوں کی بات نہیں ہے بلکہ انسانیت اور انصاف کا معاملہ ہے۔

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کا تھانہ چکلالہ کے علاقہ کا دورہ

و مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش اور ملزم کی جلد گرفتاری کو یقینی بنایا جائے گا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے تھانہ چکلالہ کے علاقہ میں جائے وقوعہ کا دورہ کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن مقتولہ بچی کی والدہ سے ملیں اور انہیں اب تک کی تفتیش سے آگاہ کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے جائے وقوعہ کا جائزہ لیا اور افسران کو تفتیش کے حوالے سے ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے تھانہ چکلالہ کے علاقہ میں جائے وقوعہ کا دورہ کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن مقتولہ بچی کی والدہ سے ملیں اور انہیں اب تک کی تفتیش سے آگاہ کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے تھانہ چکلالہ کے علاقہ میں جائے وقوعہ کا جائزہ لیا اور افسران کو تفتیش کے حوالے سے ہدایات دیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش اور الزام علیہ کی گرفتاری کے لئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں، ٹیموں کو مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش اور نامزد ملزم کی جلد از جلد گرفتاری کا ٹاسک دیا گیا ہے، چکلالہ کے علاقہ میں ڈیڑھ سالہ بچی کے قتل کا مقدمہ والدہ کی مدعیت میں درج ہے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن کا کہنا تھا کہ مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش اور ملزم کی جلد گرفتاری کو یقینی بنایا جائے گا۔

نوجوان نسل فرضی خبروں کے خلاف مضبوط معاشرتی محافظ کا کردار ادا کر سکتی ہے

جعلی خبروں کے تدارک کیلئے مشترکہ طور پر کام کرنے کی ضرورت ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ نوجوان نسل فرضی اور جعلی خبروں کے خلاف ایک مضبوط معاشرتی محافظ کا کردار ادا کر سکتی ہے، صحافت کو سچائی، تنوع اور شفافیت کا علمبردار ہونا چاہیے تاکہ معاشرے میں مثبت سوچ کو فروغ دیا جا سکے۔ وہ فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام منعقدہ میڈیا لٹریسی سمٹ 2025 میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے صحافیوں، ادیبوں اور میڈیا ماہرین پر زور دیا ہے کہ موجودہ دور میں میڈیا کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں اور اس حوالے سے جعلی خبروں کے خلاف مشترکہ طور پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا لٹریسی محض ایک انتخاب نہیں بلکہ جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، موجودہ دور میں میڈیا کا کردار انتہائی اہمیت اختیار کر چکا ہے اور اس کے مؤثر استعمال کے لیے نوجوانوں کو میڈیا لٹریسی کی تربیت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ صحافت کے میدان میں قدم رکھتے وقت اخلاقی اصولوں کو اپنا رہنما اور سچ پر مبنی رپورٹنگ کو اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا شعار بنائیں۔ انہوں نے چند معروف پاکستانی صحافیوں کی مثالیں دیتے ہوئے کہا کہ صحافت ایک ایسا شعبہ ہے جہاں سچ بولنے اور سچ کو اجاگر کرنے کے لیے جرات اور استقامت کی ضرورت ہوتی ہے۔

اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیر اہتمام فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت اقراء یونیورسٹی کے طلباء کا ایس پی سوان زون کے دفتر کا دورہ۔

1311 ارب وصولی کا ہدف مقرر، عوام کو مہنگائی کا بڑا جھٹکا لگنے کا امکان

پیٹرولیم لیوی کی رقم ملک کی تاریخ میں اب تک کی سب سے زیادہ ہوگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت کی جانب سے پیٹرولیم لیوی وصولیوں کی صورت میں عوام کو مہنگائی کا بڑا جھٹکا لگائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پیٹرولیم لیوی کی مد میں ریکارڈ اضافی وصولیوں کا منصوبہ آئی ایم ایف کے سامنے رکھ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران پیٹرولیم لیوی سے 1 ہزار 311 ارب روپے کی وصولی کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جو موجودہ مالی سال کے ہدف یعنی 1 ہزار 117 ارب روپے سے 194 ارب روپے زائد ہے۔ اس اضافی لیوی کا براہ راست بوجھ عوام کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ادا کرنا پڑے گا، جس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔ ذرائع کے مطابق جولائی 2024ء سے مارچ 2025ء تک پیٹرولیم لیوی کی مد میں 833 ارب 84 کروڑ 70 لاکھ روپے پہلے ہی وصول کیے جا چکے ہیں جبکہ گزشتہ مالی سال 2023-24ء میں اس مد سے کل 1 ہزار 19 ارب روپے کی وصولی ہوئی تھی۔ اس سے قبل مالی سال 2022-23ء میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 580 ارب روپے اکٹھے کیے گئے تھے۔ نئے مالی سال کے تخمینے کے مطابق پیٹرولیم لیوی کی رقم ملک کی تاریخ میں اب تک کی سب سے زیادہ ہوگی۔ لیوی کی شرح پہلے ہی عالمی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، جہاں پیٹرول پر فی لیٹر 78 روپے 2 پیسے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 77 روپے 1 پیسہ لیوی کے طور پر صارفین سے وصول کیے جا رہے ہیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت حکومت ریونیو کے اہداف بڑھانے کیلئے پیٹرولیم لیوی میں اضافہ کرنے جا رہی ہے، جو آنے والے دنوں میں عوام کے لیے ایندھن کی قیمتوں میں مزید اضافہ اور مہنگائی کی نئی لہر لا سکتا ہے۔

رپورٹ طلب کرلی اور ڈی ایس پی کہوٹہ کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا

واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں کے علاقہ پالہ ملا خان میں فائرنگ کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی لیتے ہوئے نوٹس ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی اور ڈی ایس پی کہوٹہ کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کلر سیداں کے علاقہ پالہ ملا خان میں فائرنگ کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لے لیا، ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی، ڈی ایس پی کہوٹہ کو موقع پر پہنچنے اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ بچوں کے لڑائی جھگڑے کی وجہ سے پیش آیا، واقعہ میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ 04 افراد زخمی ہوئے، واقعہ کی اطلاع پر کلر سیداں پولیس موقع پر موجود ہے، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں، واقعہ میں ملوث افراد کی گرفتاری کے لئے ریڈ کئے جا رہے ہیں، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

ایئر ایمبولینس منصوبہ سے ٹریفک حادثے کے 2 زخمی پنز میں منتقل

بروقت علاج سے ایک مریض صحت یاب، دوسرے کا علاج جاری

لاہور (نیوز رپورٹر) ایئر ایمبولینس سروس کے ذریعے میانوالی اور بہاولنگر میں ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے 2 افراد کو پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز شفٹ کیا گیا۔ انتظامیہ کے مطابق زخمیوں میں بلال اور عدنان شامل تھے۔ ای ڈی پنز پروفیسر آصف بشیر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق دونوں زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی گئیں۔ ایک کو صحت یاب ہونے پر ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے جبکہ دوسرا زیر علاج ہے۔ پروفیسر آصف بشیر نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کے ایئر ایمبولینس کے اقدام سے کئی مریضوں کی جان بچائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنز میں تمام مریضوں کو بلا امتیاز طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ڈاکٹرز، نرسز ہمہ وقت مریضوں کی دیکھ بھال میں مصروف عمل ہیں۔ اس موقع پر لواحقین کا کہنا ہے کہ ایئر ایمبولینس کے ذریعے بروقت طبی امداد فراہم کی گئی، پنجاب حکومت کی سروس سے بروقت منتقلی ہونے پر مریضوں کی جان بچانے میں مدد ملی جس پر ہم حکومت کے شکر گزار ہیں۔ واضح رہے کہ پنجاب ایئر ایمبولینس سروس خاص طور پر دور دراز علاقوں کے مریضوں کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، انہیں خصوصی علاج تک فوری رسائی فراہم کر رہی ہے اور زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

ضلعی انتظامیہ کا اسلام آباد میں غیر قانونی انڈور شیشہ کیفوں کے خلاف رات گئے کریک ڈاؤن

عید الاضحیٰ پر جہازوں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات کی روک تھام کیلئے اقدامات

ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ایئرپورٹ کے اطراف میں صفائی کا خصوصی پلان تیار

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر جہازوں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات کے کی روک تھام کے لئے اقدامات شروع کر دیئے۔ اس حوالے سے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ایئرپورٹ کے اطراف میں صفائی کا خصوصی پلان تیار کیا گیا۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر خصوصی مہم چلائی جائے گی، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے ایئرپورٹ کے قرب و جوار میں گندگی اور جانوروں کی آلائشیں نہ پھینکنے سے متعلق عوامی آگاہی کیلئے پمفلٹ بھی تیار کر لیے ہیں جبکہ مساجد میں بھی اس حوالے سے اعلانات کرائے جائیں گے، امام مساجد جمعہ کے خطبات میں بھی اس موضوع پر بات کریں گے۔ لاہور ایئرپورٹ کی حدود میں جانوروں کی آلائشوں کی وجہ سے جہازوں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات بڑھ جاتے ہیں، پرندوں کو جہازوں سے دور رکھنے کے لئے فائر مین وقتاً فوقتاً فائرنگ بھی کرتے ہیں، لاہور ایئرپورٹ کی حدود میں ضلعی انتظامیہ اور ایئرپورٹ حکام مل کر گشت بھی کریں گے۔ لاہور ضلعی انتظامیہ اور دیگر ادارے بروقت بڑے بیگ فراہم کریں گے جن میں جانوروں کی آلائشوں کو رکھا جائے گا، ضلعی انتظامیہ اور کنٹونمنٹ بورڈ فوری طور پر آلائشیں اٹھائے گا۔

چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر کا شجرکاری مہم کا آغاز

لاہور (نیوز رپورٹر) چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق اس سلسلے میں لیسکو کے ریجنل ٹریننگ سنٹر میں جاری ریونیو سٹاف ٹریننگ کے شرکا نے پھلدار پودے لگائے گئے۔ پودے لگانے کا مقصد ماحولیاتی تبدیلیوں کے خلاف اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہے تاکہ ہمارا ملک سرسبز و شاداب ہو اور ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف مدد مل سکے۔ اس موقع پر تربیتی پروگرام کے انچارج عمران انور نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ امید ہے کہ دیگر تربیتی سیشنز کے شرکا بھی اس مہم کا حصہ بنیں گے۔

4 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کی 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن ڈرگ فری پنجاب، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو حراست میں لے لیا، زیر حراست ملزمان سے 5 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی، کارروائیاں تھانہ وارث خان، چکلالہ، واہ کینٹ اور صدر رواہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔

گریڈ 18 کے دو افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب حکومت نے گریڈ 18 کے دو افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ڈائریکٹر (سول ڈیفنس) ضمیر حسین کی خدمات ڈی جی واسا کے سپرد کر دی گئیں جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب ضیغم نواز کو خالی آسامی پر ڈائریکٹر (سول ڈیفنس) پنجاب تعینات کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی منظوری کے بعد محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم کا احسن اقدام۔ گمشدہ بچے کو قلیل وقت میں تلاش کر ک